بیچھرے ہیرا | مصنفہ ڈاکٹر سعید احمد بریلوی، تقطیع خورد، ضخامت ۱۸۲ صفحات کاغذ خاص۔ لکھائی چھپائی متوسط قیمت عہ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

زیر نظر کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ بچوں کے لئے عمدہ تربیت واخلاقی تعلیم ازحد ضروری ہے۔ نیز تربیت کے ذریعہ بدچلن و قبیح سیرت بچوں کو بھی حسن سیرت اوراعلیٰ کیرکٹر کا حامل بنادیا جاسکتاہے۔ کتاب مجموعی حیثیت سے اصلاحی رنگ میں خاصی دلچسپ اور مفید ہے۔ بعض مواقع میں مذہب واخلاق پر چند تقریریں ایسے معقول ودلنشین انداز میں کی گئی ہیں کہ جنھیں پڑھکر شمیم کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ زبان کی پاکیزگی اور انداز بیان کی خوبی کے لئے ڈاکٹر سعید احمد کا نام کافی ضمانت ہے۔

چاند سورج کی چوری | از مسٹر عبدالرحیم چمن دہلوی، تقطیع خورد، طباعت کتابت متوسط قیمت عہ ۱۸۴ صفحات۔ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

مسٹر چمن دہلوی جاسوسی ناول نگاری میں اچھی دستگاہ رکھتے ہیں۔ اس سے قبل ان کے دو جاسوسی ناول شائع ہوچکے ہیں اور پسند کئے گئے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب دلچسپ اور فنی حیثیت سے بہت کافی وقیع ہے۔ زبان سلیس ورواں اور شگفتہ ہے۔

باغی لڑکی | از شفیق بانو شفق۔ سائز خورد، کاغذ خاص، صفحات ۱۲۰ کتابت وطباعت متوسط۔ قیمت عہ۔ ناشر نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

باغی لڑکی محترمہ شفق کے تئیس طبعزاد افسانوں کا مجموعہ ہے۔ سوسائٹی میں جو غلط اور خلاف فطرت رسوم قائم ہوگئی ہیں، ان پر تنقید واصلاح ان افسانوں کا ماحصل ہے۔ بیشتر افسانوں کا پلاٹ ایسا ہے جسے دلچسپ نہیں کہا جاسکتا تاہم مقصد اور زبان کے لحاظ سے یہ ایک اچھا اور کامیاب مجموعہ ہے

زار روس | مترجمہ عبدالرحیم صاحب چمن دہلوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات۔ طباعت وکتابت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

۱۹۱۷ء میں روسی عوام نے حکومت کے غیر مدبرانہ اور ظالمانہ برتاؤ سے مجبور ہوکر بادشاہ کو